مسافر جس سمت میں جا رہا ہے اسی سمت میں شہر کی حد ختم ہونے کا اعتبار ہے

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: 99

تاریخ اجراء: 07 جمادی الثانی 1436ھ / 28 مارچ 2015ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ زید شہر کے شمال کی جانب رہتا ہے اور شمال کی جانب اگر وہ مسافت سفر کے لیے جائے، تو ایک کلو میٹر فاصلہ طے کرنے کے بعد شہر کی حد ختم ہو جاتی ہے، اور اگر وہ جنوب کی طرف سفر کو جائے، تو 7 کلو میٹر طے کرنے کے بعد شہر کی حد ختم ہو جاتی ہے، اب اگر زید جنوب کی طرف ہی سفر کو جائے، تو کیا وہ 7 کلو میٹر طے کرنے کے بعد ہی مسافر بنے گا یا پھر ایک کلو میٹر طے کرنے کے بعد وہ مسافر ہو جائے گا، اگرچہ شہر کی حدود میں ہو؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

مسافر جس سمت میں جا رہا ہے اسی سمت میں شہر کی حد ختم ہونے کا اعتبار ہے، لہٰذا پوچھی گئی صورت میں جب زید جنوب کی طرف جائے گا، تو جنوب کی سمت میں جب شہر کی حد ختم ہو گی یعنی 7 کلو میٹر طے کرنے کے بعد وہ مسافر بنے گا، اس سے پہلے نہیں بنے گا۔

محیط برہانی میں ہے: ”یعتبر الجانب الذي منه یخرج المسافر من البلدة، لا الجوانب الذي بحذاء البلدة حتی أنه إذا خلف البنیان الذي خرج منه قصر الصلاة، وإن کان بحذاءہ بنیان أخری من جانب آخر من المصر“ ترجمہ: مسافر ہونے کے لیے اس جانب کا اعتبار ہے جس جانب سے مسافر شہر سے خارج ہو گا۔ اس کے مقابل شہر کی دوسری جوانب کا اعتبار نہیں ہے، یہاں تک کہ جس جانب یہ جا رہا ہے اس جانب اس نے آبادی کو عبور کر لیا، تو یہ قصر کرے گا اگرچہ اس جانب کے مقابل جانب میں ابھی آبادی باقی ہے۔ (محیط برہانی، جلد 2، صفحہ 388، مطبوعہ ادارۃ التراث الاسلامی)

ردالمحتار میں فرمایا:"قال في شرح المنية: فلا يصير مسافرا قبل أن يفارق عمران ما خرج منه من الجانب الذي خرج "ترجمہ: شرح منیہ میں فرمایا جس جانب جارہاہے جب تک اس طرف سے آبادی سے خارج نہیں ہو گا، تب تک مسافر نہیں ہو گا۔(ردالمحتار، جلد2، صفحہ723، مطبوعہ کوئٹہ)

بہارشریعت میں ہے:"آبادی سے باہر ہونے سے مراد یہ ہے کہ جدھر جارہاہے اس طرف آبادی ختم ہو جائے، اگرچہ اس کی محاذات میں دوسری طرف ختم نہ ہوئی ہو۔(بہارشریعت، جلد1، صفحہ743، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net